سوال

(145) مرشد کا وارث کی غیر حاضری میں گھر میں داخل ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر مرشد ۔ جاہل ۔ بے علم ۔ شرعی احکام سے بالکل مبرا اور اس کے اعمال ظاہری شرع کے برخلاف ہیں ۔ ایسا مرشد کسی شریف آدمی کے گھر میں وارث کی غیر حاضری میں عورتوں کی اجازت سے داخل ہو تو ایسی حالت میں شرعی حکم کیا ہے ۔ مرد ۔ عورت ۔ مرشد تینوں کے لئے ۔ (21 رجب 30 ہجری)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں ایسے مرد کو دیوس کیا جاتا ہے ۔ عورت بدکار خائنہ ہے ۔ مرشد قابل سزا ہے ۔ حدیث شریف میں آیا ہے ۔ جو شخص کسی کے گھر کا پردہ اٹھا کر نظر کرے ۔ گھر والے اس کی آنکھ نکال لیں تو ان پر کوئی سزا نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 354

محدث فتویٰ